| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام:اسلامی آدابِ زندگی | باب چہارم:اخلاق وآداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روز مرّہ زندگی کے آداب کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ادب کے لغوی معنیٰ تہذیب کے ہیں۔ کسی بھی معاشرے میں رہنے کے لیے وہاں کے معاشرتی اُصولوں پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔انھی اُصولوں کو آدابِ زندگی کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۷۳ سے پہلے پیرا گراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں انسان کا رہن سہن، بات چیت کا انداز اس کی تہذیب کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں اسلام ایک عالمگیر دین ہے۔ دینِ اسلام نے ہمیں زندگی گزارنے کے مکمل آداب سکھائے ہیں۔
- انھیں سمجھائیں ہم معاشرے میں بہت سے لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔اس لیے ضروری ہے کہ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب معلوم ہوں۔
- انھیں بتائیں ہم روز مرّہ زندگی میں جو کام کرتے ہیں ان کاموں کو کرنے کے طریقے کو آداب کہتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر طلبہ کی راہ نمائی کے لیے درج ذیل آداب لکھیں۔
- کھانے پینے کے آداب
- مل جل کر رہنے کے آداب
- گفتگو کے آداب
- کمرا جماعت کے آداب

- طلبہ کو روزمرّہ زندگی کے آداب قرآن وسنتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی روشنی میں آگاہ کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| معاشرہ | مُ۔عا۔شَ۔رَہ | سماج، جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے اور اپنی ترقی و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے۔ |
| عطا کرنا | عَطا کرنا | دینا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: آدابِ زندگی سے کیا مراد ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

"کمرا جماعت میں بیٹھنے کے آداب" طلبہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- روز مرّہ زندگی کے آداب کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام ایک مکمل دین ہے اور دینِ اسلام نے ہمیں زندگی گزارنے کے تمام آداب سکھائے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۳ کے پہلے پیرا گراف کا متن پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں آداب سے مراد اچھی عادات و اطوار کو اپنانا اور بُرے کاموں سے بچنا ہے۔ ہم روز مرّہ زندگی میں جو معاملات کرتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ جس طرح پیش آتے ہیں۔ یہ سب آداب کے زُمرے میں آتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں روز مرّہ زندگی میں ہم جو کام بھی انجام دیتے ہیں ان کو انجام دینے کے لیے دینِ اسلام نے ہماری راہ نمائی کی ہے۔
- طلبہ سے سوال کریں کہ روز مرّہ زندگی میں آداب کی اہمیت کیا ہے؟
- طلبہ کو روز مرّہ زندگی کے اسلامی آداب بتائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے روز مرّہ زندگی کے آداب کے بارے میں پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

روز مرّہ زندگی میں آپ کن آداب کا خیال رکھتے ہیں؟ طلبہ اپنی کاپیوں میں تحریر کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- کھانے پینے کے آداب جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس دُنیا میں زندگی گزارنے کے لیے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ ان نعمتوں میں مزیدار کھانے بھی ہیں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں ہم کھانے پینے کے آداب کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۷۳ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے پینے کی بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ ان نعمتوں سے فائدہ اُٹھانے کے لیے اسلام نے ہمیں آداب بھی سکھائے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں ہمیں کھانا شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟ طلبہ سے جوابات لیں انھیں کھانا کھانے سے پہلے کی دُعا پڑھائیں۔

"بِسۡمِ اللّٰهِ وَ عَلٰی بَرَكَةِ اللّٰهِ"

ترجمہ: شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے اور اس کھانے میں اللہ تعالیٰ کی برکت ہو۔

- انھیں بتائیں کھانا شروع کرنے سے پہلے ہمیں اچھی طرح ہاتھ دھونے چاہییں۔
- کھانے کی دُعا پڑھنی چاہیے۔

- کھانا دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیے۔
- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھائے تو اُسے چاہیے کہ داہنے ہاتھ سے کھائے اور جب پانی پیے تو داہنے ہاتھ سے پیے۔(سنن ابی داؤد: ۳۷۷۶)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| برکت | بَر۔کت | زیادہ ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے کھانے پینے کے آداب پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کھانا کھانے سے پہلے کی دُعا کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔